جلد ۴۱ — نمبر ۲۹

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ صفر سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	تقرر مسمی رادھے شیام	۱
۲ و ۳	بابت صلاح [illegible]	۲
۳	[illegible]	۳
۳ و ۴	احکام [illegible] صاحب جوڈیشل سکریٹری	۴
۴	رخصت [illegible]	۵
ضمیمہ	رخصت [illegible]	۶
	[illegible]	۷

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری تقرر مسمی رادھے شیام ایف ایس سی - بمشاہرہ [illegible] مدل اسکول -

حکم

رپورٹ منظور ہے - بغرض اجرای احکام کاغذ واپس ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض [illegible] — [illegible]

جناب عالی

مدرسہ اردو مدل مین ساتوین درجہ تک انگریزی کی تعلیم دیجاتی ہی لیکن اس اسکول مین انگریزی کے ٹیچر انٹرنس پاس ہین جو بخوبی ساتوین درجہ کی انگریزی نہین پڑھا سکتے - مسمی رادھے شیام ایف ایس سی - پاس باشندہ رامپور ہائی اسکول مین عارضی ٹیچر [illegible] تنخواہ دار تھا جو سی ٹی ٹیچرون کے تقرر کیوجہ سے علحدہ کیا گیا ہے وہ ان درجات مدل کی تعلیم کے لئے موزون ہی - اس ہی [illegible] ماہوار پر اسکا تقرر مدرسہ اردو مدل مین مناسب ہے - رادھے شیام کے تقرر کے بعد ایک انٹرنس پاس [illegible] ماہوار تخفیف کردیا جائیگا اور اس طرح [illegible] ماہوار کا بار بجٹ پر ہوگا جسکی بجٹ مین گنجایش ہی - رادھے شیام کا تقرر ۸ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء سے قابل منظوری ہی - عرضداشت باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہی - دولت واقبال جاودانی -

زیر [illegible] دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون راد بے سشیام کے تقرر کے احکام ضابطہ جاری ہوں

۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۹ جون سنہ ۱۹۲۹ء

جن موضعات کا انتظام تجویز جدید کے موافق کیا گیا ہے وہ چونکہ ویران ہیں انکی مالگذاری کی تشخیص اسوقت فرضی نکاسی سے کی گئی ہے یا جو تھوڑی سی واقعی نکاسی بعض موضعات کی تھی اُس سے کی گئی ہے اور جن شرائط کے ساتھ ان موضعات کا انتظام ہوا ہے انمیں یہ شرط بھی ہے کہ دس سال کے اندر نصف رقبہ مزروعہ کرالیا جائیگا۔ اور ریاست کے مواضعات سے ان موضعات میں کاشتکار آباد نہ کئے جائیں اور یہ کہ بعد دس سال کے ان مواضعات کی جو واقعی نکاسی ہوگی اُس سے مالگذاری تشخیص کیجائیگی۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ اسیوقت سے اسکی خبر رکھی جائے کہ مالگذاران موضعات کی آبادی وغیرہ کی کیا کوشش کر رہے ہیں اور انکی صحیح نکاسی وغیرہ کا ایسا ریکارڈ رکھا جائے جس سے بوقت تشخیص مالگذاری کام لیا جائے اسکے لئے تجویز کیا گیا ہے کہ ایک سالانہ رجسٹر اجلاس میں مرتب کیا جائے جسمیں ہر موضع کی بابتہ ماہواری اندراج حسب ذیل امور کا ہوتا رہے۔

(۱) کسقدر قلبہ وکسی آباد ہوئے۔ اور جو کاشتکار آباد ہوے وہ کہاں سے آکر آباد ہوئے۔

(۲) کسقدر جدید رقبہ کاشت کے لئے اٹھایا گیا۔ اور اُسمیں نقشی پر کسقدر اور بٹائی پر کسقدر اٹھایا گیا۔

(۳) جدید رقبہ نقشی کی شرح لگان اور رقبہ بٹائی کا حصہ کیا قرار پایا اور اُس سے نکاسی مین کسقدر بیشی ہوئی۔

امور متذکرۂ صدر کی تکمیل بورڈ تحصیلات سے ماہواری آیا کریگی جس سے رجسٹر مذکور کی تکمیل ہوتی رہیگی اور ریونیو کے لئے فائل مرتب رکھی جائیگی۔ نقشہ کا ایک نمونہ منسلک ہے جسکا پٹواری نہایت صحت کے ساتھ کرکے ہر مہینہ کی پانچ تاریخ کو تحصیل اس نقشہ کی تکمیل ہر موضع کا پٹواری نہایت صحت کے ساتھ کرکے ہر مہینہ کی پانچ تاریخ کو تحصیل میں داخل کریگا اور تحصیلدار نقشہ کے اندراجات کی صحت کی جانچ جانتک ممکن ہو خود کرینگے۔ اور اگر کسیوجہ سے خود نکرسکیں تو نائب تحصیلدار سے جانچ کرا کر اطمینان کرکے نقشہ پر اپنے قلم سے اسکی صحت کی تصدیق کرینگے۔ اور یہ بھی تحریر کرینگے کسوجہ سے وہ خود جانچ نکرسکے نقشہ مذکور کے اندراجات کی صحت کے تحصیلدار صاحبان کامل ذمہ دار ہونگے۔ اور کل نقشے تحصیلات سے ہر مہینہ کی پندرہ تاریخ تک اجلاس میں پہنچ جانے کے تحصیلدار صاحبان ذمہ دار ہونگے تحصیلدار صاحبان کو چاہئے کہ اپنے دفتر مین پٹواریوں کے نقشے داخل کرنے کی تاریخ اور روانگی اجلاس کی تاریخ کی یادداشت آویزان کرلیں اور ہمیشہ اسکی خبر رکھیں کہ تاریخ مقررہ پر پٹواریان کے نقشے داخل ہوے یا نہیں اور اجلاس کو روانہ کردیے گئے یا نہین اور نائب تحصیلدار کے پاس بھی تاریخہائے مذکور کا نقشہ رہیگا تاکہ نائب تحصیلدار بھی تحصیلدار صاحبان کو یاد دہانی کرتے رہین۔ نقشہ منسلکہ کے ہر نمبر کے مقابل پٹواری نہایت صحت کے ساتھ اندراج کریگا۔ اور پشت نقشہ پر اسکا بھی نوٹ کریگا کہ جدید کاشتکار کس موضع سے آکر آباد ہوے ہین اور انکا نام اور ولدیت کیا ہے پشت نقشہ پر اسکا بھی نوٹ کیا جائیگا کہ جو بٹائی ہوئی کس کس جنس کی کس کسقدر رقبہ مین بوئی ہوئی ہے تیاری فصل بٹائی کے وقت تحصیلدار صاحبان گرداوری قانونگویان سے غلہ بٹائی کی نگہداشت کراکر نقشہ ماہواری کے ساتھ فرد بھیجینگے اور جب غلہ تیار ہو جائیگا تو تحصیلدار صاحبان نائب تحصیلدار اپنی موجودگی مین بٹائی کرائینگے۔ اور ہر غلہ بٹائی کی قسم و وزن کی فرد مرتب کرائین گے۔ اور غلہ کی بٹائی کے بعد جو ماہواری نقشہ بھیجا جائیگا اسکی پشت پر تفصیل لکھی ہوئی ہو کہ مالگذار کو کس کس جنس غلہ بٹائی میں سے کس کسقدر حصہ ملا۔ اور فرد بٹائی مذکور اور جن تاریخون مین بٹائی ہوئی ان تاریخوں کا نرخ تحصیل نقشہ ماہواری کے ساتھ بھیجا جائیگا تاکہ قیمت غلہ کا صحیح تخمینہ اس سے کرکے رجسٹر مین درج کیا جائے اعلان کی شرط میں یہ ہے کہ جہانتک ممکن ہو اراضی لگان نقشی پر اٹھائی جائے تحصیلدار صاحبان کو چاہئے کہ اس شرط کو ملحوظ رکھکر مالگذاران کو بطور مناسب وقتاً فوقتاً ہدایت کرتے رہین تاکہ رقبہ بٹائی مین حتی الامکان اضافہ نہو۔ تحصیلدار صاحبان کو اس امر کی نگرانی رکھنا لازم ہوگا کہ کاشتکاران مین کوئی کاشتکار ریاست کے کسی گاؤں سے کسی جدید موضع میں آباد نہ ہونے پائے۔ مالگذار کو لازم ہوگا کہ جو کاشتکار اسوقت انکے گاؤن میں آباد ہوں انکی آبادی کی اطلاع درخواست سادہ کے ذریعہ تحصیل مین پیش کرین اور درخواست مین کاشتکار کا صحیح نام مع ولدیت اور قوم اور اُس گاؤں کا جسکی سکونت ترک کرکے آیا ہے تحریر کرین۔ لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل بخدمت جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مرسل ہو۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حالت ماہ گذشتہ

نام قلبہ	تعداد قلبہ وکسی: کسی	رقبہ مزروعہ: نقشی	رقبہ مزروعہ: بٹائی	نکاسی: لگان نقشی	نکاسی: تخمینہ لگان بٹائی	

(۱) ماہ زیر رپورٹ میں کے قلبہ اور کے کسی کم ہوئی۔ اور کمی بوجہ فراری ہوئی یا فوتی۔

(۲) بوجہ کمی قلبہ کسقدر رقبہ مزروعہ کم ہوگیا اور اُسمیں رقبہ نقشی کسقدر ہے اور رقبہ بٹائی کسقدر ہے۔

(۳) اس رقبہ کم شدہ کا لگان نقشی کسقدر تھا اور تخمینہ لگان بٹائی کا کسقدر۔

(۴) ماہ زیر رپورٹ مین کسقدر قلبہ وکسی آباد ہوے۔

(۵) بوجہ جدید آبادی قلبہ وکسی کسقدر رقبہ جدید مزروعہ ہوا اور اُسمین کسقدر رقبہ نقشی اور کسقدر رقبہ بٹائی ہے۔

(۶) اس جدید رقبہ مزروعہ کو نگان نقشی کسقدر ہے اور تخمینہ لگان بٹائی کا کسقدر ہی۔
(۷) جدید رقبہ مزروعہ کی شرح لگان نقشی کیا ہی۔ اور حصہ بٹائی کسقدر قرار پایا ہی۔
(۸) بعد کمی بیشی اندرون ماہ حال ختم ماہ پر تعداد قطعہ کسی کسقدر رہی۔ اور تعداد قطعہ کشت رہا۔ اور انہیں رقبہ نقشی کسقدر اور رقبہ بٹائی کسقدر رہا اور لگان نقشی کسقدر اور تخمینہ لگان بٹائی کسقدر ہی۔

روبکار اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع یکم جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

اکثر بیدخلان معافیدار وغیر معافیدار کی بدنامی کسی قصور وفراری وغیرہ کی وجہ سے تکست ہو کر انکے حقوق رعایتی معافی وکسر حصہ ضبط ہو نے رہتے ہین۔ اور ان حقوق منضبطہ کی بحالی سی قایم ہو کر انکے وصول واقرار یا ازدیادی جمع کی کارروائیان ہوتی رہتی ہین بارہا تشخیص جمع کے ساتھ مستاجری بند وبست تکاسی شدہ مین سے حق التحصیل فیصدی دس روپیہ جو زکر مستاجران کے ساتھ ہوتا ہے۔ بشمول مشورہ صاحب جج منیجر ریونیو سکریٹری بہادر یہ تجویز کیجاتی ہو کہ تشخیص دیہات کے متعلق جب کوئی رقم مستاجران نسبتی حقوق منضبطہ بحالی کے متعلق وصول یا ازدیادی جمع کی کارروائی کیجائے تو تکاسی شدہ قایم منضبطہ مین سے بحساب دس روپیہ فیصدی حق التحصیل منہا کر کے بقیہ رقم کی ازدیادی جمع ووصول کا عملدرآمد کیا جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل بغرض تعمیل پاس جملہ تحصیلداران صاحبان و دو صاحبان قیدو تقسیم اور ایک ایک نقل بغرض اطلاع بخدمت صاحب جو منیجر ریونیو سکریٹری بہادر و حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔ اور ایک نقل شامل اجلاس ہو چسپان کیجائے۔ اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نثیر محمد خان ششم پاس ولد نظیر خان مدرس گوری کا تقرر بمدرسہ مذکور تحصیل ... مین بشاہرہ دس روپیہ ماہوار برائے چند ماہ منظور کیا گیا

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ درخواست رخصت دو ہفتہ منشی علی اکبر سب منصف متعینہ ... بوجہ اظہار علالت مع سارٹیفکٹ ڈاکٹری۔

حکم

بوضع تنخواہ مزید رخصت دو ہفتہ سائل کی منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر صاحب مجسٹریٹ ضلع دربارہ اضافہ دو روپیہ تنخواہ جلال الدین خان محرر محافظ خانہ فوجداری مشاہرہ دار ...

حکم

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ جلال الدین احمد خان محرر محافظ خانہ فوجداری کا دو روپیہ کا اضافہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۰- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

چونکہ مدرسہ آر دو مڈل مین ماسٹر ... شیام لعل ایف۔ اے۔ بی۔ کا تقرر تعلیم انگریزی کیلئے ہو گیا ہے۔ لہذا انکو ان پرشاد مرسیس پاس جو مدرسہ مذکور مین انگریزی پڑھاتے تھے برخاست کیا گیا۔ نامبردہ کو تاریخ کارکردگی تک تنخواہ ملیگی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۱- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حسب سفارش جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ محمد سید اختر حسین مدرس فارسی مدرسہ عالیہ کی موجودہ ... ماہوار تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جج جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱- جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر جیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دو ماہ بسلسلہ رخصت سابقہ بوضع تنخواہ ... از ... جون سنہ ۱۹۲۹ء ڈاکٹر ... سب ... محرر ... شفاخانہ ...

حکم

ڈاکٹر کاظم علی کی رخصت بسلسلۂ رخصت سابقہ بوضع تنخواہ بانتظام سابقہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

جو وظائف طلباء ہائی اسکول کی اعلےٰ تعلیم کے لئے اجلاس ہمایوں سے مقرر فرمائے گئے ہیں۔ امسال چونکہ وقت کم تھا فوراً درخواستیں پیش ہوئیں اور آپ نے وظائف مقرر کردئے گئے۔ آئندہ درخواستیں پیش کرنے کے لئے بھی ایک وقت معین کر دینا مناسب ہے۔ چونکہ اکثر کالج و اسکول جولائی کے دوسرے ہفتہ میں کھلتے ہیں۔ لہذا اس سے قبل وظائف کا تصفیہ ہو جانا مناسب ہے۔ اور ہر سال درخواستیں آخر جون تک پیش ہو جانا ضروری ہے۔ تاکہ بعد غور ۱۰ جولائی سے قبل تقرر وظائف کی کارروائی ہو سکے۔ لہذا آئندہ سال جو اُمیدوار وظیفہ کے لئے درخواستیں پیش کرنا چاہے اُسکو لازم ہوگا کہ آخر جون تک اجلاس ہذا میں درخواست پیش کر دے۔ جو طلبا ہائی اسکول اگزامینشن میں شریک ہو چکے ہوں اور نتیجہ آخر جون تک اُنکو معلوم نہ ہوا ہو وہ درخواست پیش کر سکتے ہیں۔ نتیجہ شائع ہونے کے بعد جو طلبا فیل ہو نگے اُنکی درخواستیں خارج کردی جائینگی۔ اور پاس شدہ طلبا کی درخواستوں پر غور کیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

بنظر تراحم خسروانہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم نے جو چند وظیفے سالانہ طلباء ہائی اسکول کی (بعد ہائی اسکول اگزامینشن پاس کرنے کے) آئندہ تعلیم کے لئے مقرر فرمائے ہیں منجملہ اُن چند وظائف کے امسال چار وظائف کے لئے طلبا نے درخواستیں پیش کی ہیں۔ ان وظائف کے لئے اسوقت تک پانچ درخواستیں پیش ہوئیں۔ اور ۸ جولائی سے اکثر کالج و اسکول کھل جاتے ہیں۔ طلبا کے داخلہ کا عین وقت ہے۔ لہذا مزید درخواستوں کے انتظار کا وقت نہیں ہے۔ اسوقت چار وظائف طلبا مندرجہ ذیل کے نام مقرر کئے جاتے ہیں۔ پانچویں اُمیدوار وظیفہ اور سبزی کی بابت علٰحدہ حکم دیا گیا ہے۔

نام طالب علم	تعداد رقم وظیفہ	میعاد جنکے وظیفہ ملیگا			کیفیت
عبدالحی ولد عبدالمالک ساکن رامپور محلہ پنجابیان	تیس روپیہ ماہوار	ایف ایس سی کی تعلیم کیلئے ۲ سال	ایم بی بی ایس کی تعلیم کیلئے ۵ سال	۷ سال	داخلہ کالج کی تاریخ سے۔
عبدالوحید خان ولد عبدالجبار خان ساکن رامپور محلہ [illegible]	تیس روپیہ ماہوار	"	اسسٹنٹ سرجنی کی تعلیم کیلئے ۴ سال	چار سال	ایضاً
محمد حسن خان ولد مشتاق حسین خان ساکن رامپور محلہ نالہ پار	تیس روپیہ ماہوار	ایف اے بی اے کی تعلیم کیلئے ۴ سال	ایل ٹی کی تعلیم ایک سال	کل ۵ سال	ایضاً
عبدالمنان خان ولد مقبول احمد ساکن رامپور محلہ پل پختہ	بیس روپیہ ماہوار	ایف اے کی تعلیم کیلئے ۲ سال	سی ٹی کی تعلیم کیلئے ایک سال	کل ۳ سال	ایضاً

یہ وظائف بحیث ملازمان متفرق سررشتہ تعلیم سے ملا کرینگے اور طلبا برطیفہ یاب شرائط متعلقہ قواعد کے پابند ہونگے لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ افسر صاحب اصطبل در بارہ منظوری رخصت بلاتنخواہ ۱۵ یوم برائے [illegible] بغرض شرکت شادی۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مزید ۱۵ یوم منظور ہو۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جنرل ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل عرضی احمد علیخان نائب جسٹرار قانونگوئے تحصیل رامپور در بارہ منظوری رخصت مزید یکماہ ابتدائے ۹ جولائی سنہ حال لغایتہ ۹ اگست سنہ ۱۹۲۹ء بوجہ بقائے علالت معہ سرٹیفکیٹ حکیم صاحب۔

حکم

بہ درخواست سائل ڈاکٹر آئی پی بسلسلۂ سابقہ و بانتظام مجوزہ یکماہ کی رخصت نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جنرل ریونیو سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دوم ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		۸ار	۷ار			
نخود خالص	۶ ۸ار ۶ ۶ار		۶ ۶ار	۶ار			
نخود کشتہ امیز	۷ ۸ار ۶ ۰ار		۷ ۸ار	۷ ۸ار			
[illegible]	۷ ۸ار ۶ ار		۶ ۰ ۸ار	۶ ۸ار			
ماش	۵ ۸ار ۵ ۸ار		۳ ۸ار	۵ ۸ار			
[illegible]	۳ ۸ار ۳ ۰ ۸ار		۳ ۰ ۸ار	۰			
مکا			۰	۷ ۸ار			
[illegible]	۹ ۸ار		۱۱ ۸ار	۱۱ ۸ار			
گوجئی	۱ ۰ ۸ار		۹ ۰ ۸ار	۰			
عدس	۶ ۸ار		۷ ۸ار	۰			
ارہر	۷ ۸ار ۶ ۰ ۸ار		۹ ۸ار	۷ ۸ار			
برنج	۷ ۸ار ۳ ۰ ۸ار		۳ ۸ار ۳ ۰ ۸ار	۷ ۸ار ۳ ۰ ۸ار			
روغن زرد	[illegible] چھٹانک		۵۰ چھٹانک	۲ ۰ ار			
روغن سیاہ	۱ ۸ار		۱ ۰ ۸ار	۱ ۰ ۸ار			
روغن [illegible]	۱ ۲ ۸ار		۱ ۰ ۸ار	۱ ۸ار			
[illegible]	۱۳ ۸ار		۱۳ ۸ار	۱۰ ۰ ۸ار			
نمک لاہوری	۲ ۸ار		۲ ۸ار				
زیرہ سیاہ	[illegible]		۲ ۰ ۸ار	۵ ۰ ۸ار			
[illegible]	۰		۰	۰			

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش روزانہ	بارش مجموعی	بارش روزانہ	بارش مجموعی	بارش روزانہ	بارش مجموعی	بارش روزانہ	بارش مجموعی	بارش روزانہ	بارش مجموعی	بارش روزانہ	بارش مجموعی
۶ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	۰	۵۴½	۰	۱۸	۰	۴۳	۰	۹۵
۷ ،، ،، یوم یکشنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	۰	۵۴½	۰	۱۸	۰	۴۳	۰	۹۵
۸ ،، ،، یوم دوشنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	۰	۵۴½	۰	۱۸	۰	۴۳	۰	۹۵
۹ ،، ،، یوم سہ شنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	۰	۵۴½	۰	۱۸	۰	۴۳	۰	۹۵
۱۰ ،، ،، یوم چہارشنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	۰	۵۴½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۴۳	۰	۹۵
۱۱ ،، ،، یوم پنجشنبہ	۰	۸۴	۰	۵۳	نقشہ نہیں آیا	۰	،،	۰	۰	۴۳	نقشہ نہیں آیا	۰
۱۲ ،، ،، یوم جمعہ	۰	۸۴	۰	۵۳	،،	۰	،،	۰	۰	۴۳	،،	۰

مطبوعہ مرکنٹائل پریس ریاست رامپور